# OPERATING MANUAL

# طریقہ استعمال

## Cleantouch Multi-Level Accounting 2.0

## تعارفِ سافٹ وئیر:

زیرِ غور سافٹ وئیر کلینٹچ ملٹی لیول اکاؤنٹنگ سسٹم کے نام سے منسوب ہے پاکستان میں زمانہ قدیم سے مختلف بزنس اداروں میں مینول کھاتہ سسٹم و کیلکیولیٹر برائے حساب کتاب کے طور پر رائج ہیں جس سے بسا اوقات غلطی کے امکانات موجود رہتے ہیں جس سے اداروں میں ہر وقت بے چینی کی سی کیفیت قائم رہتی ہے ہم نے پاکستان کے مختلف اداروں میں ہونے والے کام کی نوعیت کا جائزہ لیا اور تمام تر تجزیوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ایک ایسا اکاؤنٹنگ سافٹ وئیر بنانے کا ارادہ کیا جو کسی بھی ادارے کی اکاؤنٹنگ کو کنٹرول کرسکے جس میں وہ تمام رپورٹس ایک انٹری کرنے پر سیکنڈز میں تیار ہوجائے جو دور قدیم سے منشی گھنٹوں محنت کے بعد مینول تیار کرتے ہیں اور یہ سافٹ وئیر اسی ارادے کی ایک کڑی میں شامل ہیں اس سافٹ وئیر کی خاص بات اس میں آپ اپنے اکاؤنٹ کو لیول وائس بناسکتے ہیں جو کسی بھی فرم کیلئے فائدہ مند ہوتے ہے اس سافٹ وئیر میں آپ ان تمام رپورٹس کا کسی بھی وقت پرنٹ اوٹ نکال سکتے ہیں جو کسی بھی بزنس کیلئے ضرورت ہوتی ہیں اس پیکج میں جنرل لیجر، واوچر پرنٹ آوٹ ، کیش بُک، ریسیو ایبل پےَ ایبل اسٹیٹمینٹ، ٹرائل بیلنس، پروفٹ اینڈ لوس، بیلنس شیٹ جیسی خاص رپورٹ شامل ہیں۔اس سافٹ وئیر میں ٹوٹل تین مینو شامل ہیں۔

1 FILE, 2- REPORTS, 3- SYS. UTILITIES-ان مینوز میں سب سے پہلا مینو فائل کا ہے جو فیڈنگ کیلئے مخصوص ہے دوسرا مینو کسی بھی قسم کی رپورٹنگ دیکھنے کیلئے مخصوص ہے اور تیسرا مینو یوزر ز یوٹیلٹی ہے۔اس سافٹ وئیر کو رجسٹر کروانے پر سافٹ وئیر کے بیک گراونڈ، اور ہر رپورٹ کے ھیڈ پر رجسٹر کروانے والی کمپنی کانام بشمول رجسٹرڈ ورژن لکھا ہوا آتا ہے سافٹ وئیر میں لوگ ان ہونے کیلئے پاس ورڈ بنیادی طور123 ہے جسے تبدیل کیا جاسکتا ہے رجسٹریشن پن کوڈ دینے پر ہوتی ہے جو کسی ایک سسٹم کیلئے مخصوص ہوتا ہے اس سافٹ وئیر میں اگر ملٹی یوزر کا پیکج بھی شامل کردیں تو سافٹ وئیر میں کئی یوزر بناسکتے ہیں اور ان پر مختلف رسٹرکشن لگاسکتے ہیں اور نیٹ ورکنگ کی بدولت کئی سے لوگ ان ہوسکتے ہیں۔سافٹ وئیر کی چیدہ چیدہ خصوصیات تحریر کرنے کے بعد اسکو اوپریٹ کرنے کی مکمل ہیلپ درج ذیل ہیں۔

## اکاونٹ ماسٹر فائل: Accounts Master File

یہ فائل کے مینو کی پہلی اور بنیادی فارم ہے جس میں آپ وہ تمام اکاؤنٹ بنائینگے جو آپ کی ضرورت ہیں اس ماسٹر فائل میں آپ اپنے تمام بنک اکاؤنٹ، ڈیٹر اکاؤنٹ، کریڈیٹر اکاؤنٹ، کیپیٹل اکاؤنٹ، اخراجات اکاؤنٹ اور دیگر جو بھی ایسے اکاؤنٹ جس میں آپ کی روزمرہ کی ٹرانزکشن ہوتی ہے وہ یہاں بنانے ہونگے اگر آپ نے یہ بنیادی کام کرلیا تو سمجھ لیجئے کہ آپ نے سافٹ وئیت کو آدھا اوپریٹ کرنا سیکھ لیا کیونکہ پورے سافٹ وئیر کے اندر اس ماسٹر فائل کا مرکزی کردار موجود ہے اسلئے اس کو مینٹین کرتے وقت خاص خیا ل رکھیں اسکو مینٹین کرنے کا طریقہ مثال کے ذریعے سمجھیئے کہ اس فارم کا پہلا کالم اکاؤنٹ کوڈ ہے جس سے مُراد جو آپ اکاؤنٹ بنانے جارہے ہیں اسکوایک کوڈ اسائن کرنا ہے فرض کریں کہ آپ اپنے اثاثوں (ایسٹس) کی اکاؤنٹ لسٹ تیار کرتے ہیں تو کوڈ میں آپ ایک نمبر دیں جیسے 1 اب دوسرا کالم جو ڈسکرپشن کے نام سے منسوب ہے اس میں اس اکاؤنٹ کا نام لکھیں جیسے Assets اور تیسرا کالم ٹائپ ہے جس میں آپ کو یہ سلیکٹ کرنے ہے کہ آیا یہ کنٹرول اکاؤنٹ ہے یا سب اکاؤنٹ۔کنٹرول اکاؤنٹ سے مراد ھیڈ کے ہیں اسلئے آپ ٹائپ میں C پریس کریں اسکے بعد والے کالم میں تین کیٹا گری دی ہوئی ہے جس میں ایسٹس، لائبلٹی، اور پی ایل ہے جسکو سمجھداری کے ساتھ سلیکٹ کرنا ہے وہ تمام اثاثے چاہے وہ کیش میں ہو، بنک بیلنس کی صورت میں ہو، ریسیوایبل کی صورت میں ہو،اسٹاک کی صورت میں ، زمین کی صورت میں ہو یا فرنیچر و اکوپمینٹ کی صورت میں ہو تمام ASSETS کہلائینگے اسی طرح وہ تمام ادائیگیاں یا اونر اکوئٹی LIABLITY کہلائینگی اوراسی طرح وہ تمام انکم و خراجات کے اکاؤنٹ PROFIT & LOSS کی ٹائپ کہلائینگے اسکے بعد والے سارے کالم اوپشنل و انڈر اسٹوڈ ہیں۔اب اگر ہم اس ایسٹس کی مزید کیٹاگریز بنائے تو سب سے کرنٹ ایسٹس بنائینگے اور اس کرنٹ ایسٹس کی مختلف کیٹاگریز بنائینگے اور پھر فکسڈ ایسٹس اور اسکے پھر مزید سب اکاؤنٹ یہاں یہ بات واضح رہے کہ اس ماسٹر فائل کو صحیح طور پر مینٹین کرنے کیلئے یوزر کیلئے تھوڑی بہت اکاؤنٹنگ سے وابستگی ضروری ہے وگر نہ مشکل پیش آنے کا اندیشہ ہے اب اگر کرنٹ ایسٹس کا اکاؤنٹ بنانا چاہے تو سب سے پہلے اکاؤنٹ کوڈ دیں جیسے 1.001 اور ڈسکرپشن میں Current Assets لکھیں ٹائپ C سلیکٹ کریں کیٹاگری A سلیکٹ کریں اسکے بعد اسکو بھی SAVE بٹن سے محفوظ کرلیں اس اکاؤنٹ کو آپ کبھی بھی ڈیلیٹ یا ایڈٹ کرسکتے ہیں اور اکاؤنٹ کی لسٹ دیکھنے کیلئے F5 کی کی استعمال کریں اب اگر اس کرنٹ ایسٹس کی بھی مزید کیاٹاگریز بنانا ہو تو کوڈ 1.001.001 دیں اور ڈسکرپشن میں جیسے

ریسیوایبل اکاؤنٹ بنانا ہے توڈسکرپشن میں A/c Receivable لکھیں ٹائپ اسکی بھی C سلیکٹ کریں کیونکہ اس ھیڈکے بھی مختلف سب اکاؤنٹ یعنی پارٹیوں کے نام آگے بنانے ہونگے کیٹاگری ایسٹس سلیکٹ کریں اور حسبِ معمول اسکو محفوظ کرلیں اور پھر اگر مختلف پارٹیوں کے اکاؤنٹ بنانے ہو تو کوڈ میں 1.001.001.001 دیں ڈسکرپشن میں پارٹی کا نام جیسے Rizwan Arif اسکی ٹائپ S سلیکٹ کریں اگر اسکی مزید کیٹا گریز نہ بنانی ہو ،پھر کیٹاگری ایسٹس اور پھر اسکا ایڈرس، ٹیلی فون وغیرہ لکھ کر اسکو بھی سیوٗ کرلیں۔اس طرح دوسرے اثاثوں کے اکاؤنٹ بھی بالکل اسی طرح بنائینگے۔

## اوپننگ بیلنس ماسٹر فائل: Opening Balance

یہ فائل کے مینو کی دوسری فارم ہے جس میں آپ کو اپنے اکاؤنٹ ماسٹر فائل میں بنائے ہوئے اکاؤنٹ کے بیلنس فیڈ کرنے ہیں اسکا طریقہ بھی بالکل آسان ہیں جو حسب ذیل ہیں کہ اس فارم کا سب سے پہلا کالم S.No. سے ہے جو آٹو جینریٹ ہے یعنی ہر بار Save کرنے پر S.No. بدل جائینگا دوسرا کالم تاریخ کا ہے کہ آپ جس اکاؤنٹ کے اوپننگ بیلنس ڈالنے جارہے ہیں وہ کس تاریخ کا آخری بیلنس ہے اسلئے تاریخ لکھنے میں احتیاط کی ضرورت ہے اسکے بعد والا کالم انٹری نمبر کاہے جو آٹو جینریٹ ہے اسکے بعد والا اکاؤنٹ کوڈ کا ہے یعنی جس اکاؤنٹ کا آپ کو بیلنس ڈالنا ہے اس اکاؤنٹ F 5Keyکی مدد سے سلیکٹ کریں جیسے Rizwan Arif اسکے Narration والے کالم میں اسکی کچھ تفصیل لکھ دیں پھر اسکا جو بھی بیلنس ریسیو ایبل ہے وہ آپ ڈیبٹ سائٹ پر لکھ دیں اور چھوٹے والے Save بٹن کی مدد سے محفوظ کرلیں محفوظ کرنے کے بعد آپ دیکھنگے کہ انٹری نمبر 2 ہو جائینگا اس سے مراد یہ ہے کہ اس واؤچر میں ملٹی انٹری کرنے کی سہولت موجود ہیں یعنی آپ ایک واؤچر کے اندر کئی اکاؤنٹ کے اوپننگ بیلنس ڈال سکتے ہیں اور پھر اگر آپ مزید بیلنس نہیں ڈالنا چاہتے تو بڑے والے Save کو پریس کرکے واچر کو محفوظ کرلیں۔

## وصولی واؤچر: Receipt Voucher

یہ فائل کے مینو کا تیسرا آپشن جو دو فارم پر مشتمل ہیں یعنی کیش اکاؤنٹ میں وصولی کی فارم اور بنک اکاؤنٹ میں وصولی کی فارم، ان دونوں فارم میں بھی انٹری پاس کرنے کا طریقہ بہت آسان و یکساں ہے کہ مثال کے طور پر اگر آپ کسی ریسیوابیل پارٹی سے کیش وصول کررے ہیں تو کیش وصولی کی فارم میں جائینگے فارم کا سب سے پہلا اور دوسرا کالم حسب معمول سیریل نمبرو تاریخ ہے جس سے متعلق پچھلی فارم میں تفصیل بتا دی گئی ہے لہذا اگلا کالم جس اکاؤنٹ میں ڈیبٹ میں ہورہے ہیں اس اکاؤنٹ کو F 5Key کی مدد سے سلیکٹ کرینگے جیسے کیش کا اکاؤنٹ اب اسکے بعد حسب معمول انٹری نمبر ہے جس سے متعلق تفصیلات پچھلی فارم میں بتا دی گئی

ہے اسکے بعد آپ اس اکاؤنٹ کو سلیکٹ کریں جس س آپ وصولی کررہے ہیں جیسے Rizwan Arif کے اکاؤنٹ کو سلیکٹ کریں اسکے بعد Narration کے کالم میں آپ وصولی سے متعلق کچھ تفصیلات اگر ضروری ہو تو ٹائپ کریں ورنہ وہ اماونٹ لکھیں جو پارٹی ادا کررہی ہے اسکے بعد اس انٹری کو چھوٹے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں اسکے آپ دیکھینگے کہ انٹری نمبر 2 آرہاہو گا یعنی یہاں بھی ملٹی انٹری کرنے کی سہولت موجود ہے اگر مزید انٹری کرنی ہوتو کرسکتے ہیں وگر نہ اسکو بڑے والے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں بالکل اسی طرح آپ بنک اکاؤنٹ میں فیڈنگ کرتے وقت یہی یہ طریقہ اپنائے۔

## ادائیگی واؤچر: Payment Voucher

فائل کے مینو کا یہ چوتھا آپشن بھی دو فارم پر مشتمل ہیں یعنی کیش اکاؤنٹ سے ادائیگی کی فارم اور بنک اکاؤنٹ سے ادائیگی کی فارم، ان دونوں فارم میں بھی انٹری پاس کرنے کا طریقہ بہت آسان و یکساں ہے کہ مثال کے طور پر اگر آپ کسی پے ایبل پارٹی کو کیش ادا کررے ہیں تو کیش ادائیگی کی فارم میں جائینگے فارم کا سب سے پہلا اور دوسراکالم حسب معمول سیریل نمبرو تاریخ ہے جس سے متعلق پچھلی فارم میں تفصیل بتا دی گئی ہے لہٰذا اگلا کالم جس اکاؤنٹ سے کریڈٹ ہورہے ہیں اس اکاؤنٹ کو F 5Key کی مدد سے سلیکٹ کرینگے جیسے کیش کا اکاؤنٹ اب اسکے بعد حسب معمول انٹری نمبر ہے جس سے متعلق تفصیلات پچھلی فارم میں بتا دی گئی

ہے اسکے بعد آپ اس اکاؤنٹ کو سلیکٹ کریں جسے آپ ادائیگی کررہے ہیں جیسے Shehzad Arif کے اکاؤنٹ کو سلیکٹ کریں اسکے بعد Narration کے کالم میں آپ ادائیگی سے متعلق کچھ تفصیلات اگر ضروری ہو تو ٹائپ کریں ورنہ وہ اماونٹ لکھیں جو پارٹی کو ادا کررہے ہے اسکے بعد اس انٹری کو چھوٹے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں اسکے آپ دیکھینگے کہ انٹری نمبر 2 آرہاہو گا یعنی یہاں بھی ملٹی انٹری کرنے کی سہولت موجود ہے اگر مزید انٹری کرنی ہوتو کرسکتے ہیں وگر نہ اسکو بڑے والے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں بالکل اسی طرح آپ بنک اکاؤنٹ سے ادائیگی کرتے وقت بھی یہ طریقہ اپنائے۔

## جنرل جرنل: Journal Voucher

فائل کے مینو کی یہ پانچویں اور آخری فارم ہے کسی بھی طرح کی ایڈجسٹمنٹ کیلئے استعمال کی جاسکتی ہے چاہے پر چیس سے متعلق، سیل سے متعلق ہو، انکم سے متعلق ہو، اخراجات سے متعلق ہو، ڈپریسیشن سے متعلق ہو ، بیڈ ڈیٹ سے متعلق ہو غرض کسی بھی اکاؤنٹ سے متعلق ہو آپ کو یہاں انٹری کرنی پر ے گی۔اس کا طریقہ بھی کوئی زیادہ مشکل نہیں اگر آپ کی اکاؤنٹنگ بیس مظبوط ہے تو پھر آپ باآسانی اس میں انٹریز کرسکتے ہیں ایک مثال کے ذریعے اسکو سمجئے کہ اس فارم سب سے پہلا اور دوسرا کالم حسب معمول سیریل نمبرو تاریخ ہے جس سے متعلق پچھلی فارم میں تفصیل بتا دی گئی ہے لہذا اگلا کالم میں اس اکاؤنٹ کو سلیکٹ کرینگے جسے ڈیبٹ کرنا ہے مثلا Purchase A/c اکاؤنٹ کو سلیکٹ کریں اسکے Narration کے کالم میں بل نمبر و آئٹم وغیرہ کی تفصیلات لکھیں جس اماؤنٹ سے پرچیز کررہے اس اما ؤنٹ کو لکھیں اور اسکے بعد اس انٹری کو چھوٹے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں اسکے آپ دیکھینگے کہ انٹری نمبر 2 آرہاہو گا یعنی یہاں بھی ملٹی انٹری کرنے کی سہولت موجود ہے اب آپ انٹری نمبر دو آنے کے پھر F 5Key کی مدد سے اس اکاؤنٹ کو سلیکٹ کریں جس پارٹی سے آپ پرچیز کررہے ہیں مثلا Shehzad Arif اسکے بعد اماؤنٹ کے کالم میں وہ اماؤنٹ لکھیں جس اماؤنٹ کی آپ نے اس پارٹی سے پرچیز کی ہے اور اپھر اسکو چھوٹے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں اسکے آپ دیکھینگے کہ انٹری نمبر3 آرہاہو گا فرض کریں کہ آ پ پرچیز اکاؤنٹ کو 100,000/- سے ڈیبٹ کررہے ہیں اور Shehzad Arif کو آپ 50,000/- سے کریڈٹ کرہے تو اور ایک اور پارٹی انٹری نمبر تین میں 50,000/- سے کریڈٹ کررہے تو آپ دیکھینگے کہ آپکا واؤچر برابر ہوجائے گا اور اسکے بعد چاہے تو اسے ڑے والے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں۔

مندرجہ بالا تحریر سے ملٹی لیول اکاؤنٹنگ سافٹ وئیر میں فیڈنگ کرنے کا آسان طریقہ بتانے کی پوری کوشش کی گئی ہے مزید براں آپ ہمارے ٹرائل ورژن سے ڈمی ڈیٹا کو چیک کرسکتے ہیں جس میں کچھ اکاؤنٹ و انٹریاں فیڈ کی گئی ہے جو آپ کی رہنمائی کیلئے کافی ہے۔

تحریر: رضوان عارف

Cleantouch Software Corp.

# تعارف کمپنی:

# Cleantouch Software Corp.

کلینٹچ سافٹ ویئر کارپوریشن کی ابتداء 1998 کے اوائل میں پاکستان میں پہلی بار انگریزی سے اُردو ترجمہ کرنے والی ایک سی ڈی پر مشتمل ڈکشنری بنانے پر ہوئی جو ایک خدمت کے طور پر بلا معاوضہ پورے پاکستان میں پبلش کی گئی جسے لوگوں نے بے حد سراہا اور آج تک اس کی مارکیٹ میں سیل جاری و ساری ہیں۔ لوگوں میں بے حد مقبولیت پانے پر کمپنی کے پروگرامر کو بعض تعلیمی و سماجی تنظیموں نے بہترین ایوارڈ سے نوازا جو کمپنی کیلئے قابل فخر ہیں اس طرح ڈکشنری کی مقبولیت کے چرچے پاکیستان کے اخبارات کی سرخیاں بننے لگے جس کی بدولت ہمیں مزید آئی ٹی کے میدان میں کچھ کرنے کا جذبہ ملا اور ہم نے مختلف بزنس کمپنیوں کیلئے پاکستانی بیسڈ اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر بنانا شروع کیے جس سے بہت سے تعلیمی ادارے اور طلباء مستفید ہوئے اور ہو رہے ہیں جو ہماری کمپنی کیلئے قابل ستائش بات ہے واضح رہے کہ ابتدا میں ڈکشنری کی سیل سے ہم نے اپنی ذات کیلئے کوئی پیسہ مقرر نہیں کیا۔ ابتدائی ادوار میں سافٹ ویئر کی مارکیٹ میں کافی مسائل درپیش ہوئے لیکن کمپنی ارادے مستحکم رکھنے کی پالیسی پر گامزن ہیں جس سے کامیابیاں قدم چومنے لگیں اور دیکھتے ہی دیکھتے پاکستان اور کئی دیگر ممالک میں ہمارے فری سافٹ ویئر استعمال کرنے والوں کی تعداد ہزاروں اور لاکھوں میں ہوتی گئی جو کلینٹچ کیلئے ایک اعزاز سے کم نہیں اور یکے بعد دیگر لوگوں نے اپنا اکاؤنٹ آسان کرنے کیلئے ہمیں اپنی ڈیمانڈ ارسال کیں جسکو ہم نے خوش اسلوبی کے ساتھ قبول کیا اور ثابت قدمی کے ساتھ مائیکرو سافٹ ویژیول فوکس پرو پر تقریباً پچاس قسم کے سافٹ ویئر تخلیق کئے اور اب تک تقریباً 450 بزنس ادارے ہم سے سافٹ ویئر رجسٹرڈ کرواچکے ہیں ان سافٹ ویئر میں جو کاروباری اداروں میں بے پناہ مقبول ہوئے ان میں کلینٹچ اکاؤنٹ سسٹم، ٹریڈنگ سسٹم، پروڈکشن سسٹم، میڈیسن سسٹم، یارن ٹریڈنگ، اسکول سسٹم وغیرہ ہیں مختلف قسم کے اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر، پروفائل، ایوارڈز وغیرہ کی لسٹ آپ ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کرسکتے ہیں (www.cleantouch.com.pk) لوگوں میں بے پناہ مقبولیت پانے کی خاص وجوہات میں سافٹ ویئر کی کوالٹی، خوش اخلاقی، مناسب ریٹ، بیک اپ سپورٹ وغیرہ شامل ہیں جو ہمیں مختلف سافٹ ویئر کمپنیز سے ممتاز کرتی ہیں لوگوں کے بے اصرار پر ہم نے 2004 میں سوالات و جوابات پر مشتمل ایک معلوماتی گیم کی تخلیق کی جسے اہل علم نے بے حد سراہا سافٹ ویئر کی تخلیق کا کام اب بھی جاری ہے اور آپکا ساتھ رہا تو اسی طرح مزید بہتر طریقے سے انشاءاللہ جاری رہیگا۔